سوال

(278)علانیہ برائی نہ کرنے والے کوکس طرح سمجھایا جائے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارا ایک پڑوسی اپنے گھر میں کئی برے کام کرتا ہے لیکن وہ ان کاموں کا لوگوں کے سامنے کھلم کھلا اظہار نہیں کرتا تو کیا ایسے شخص کو سمجھانا بھی واجب ہے' جب کہ وہ ان کا علی الاعلان کا ارتکاب نہیں کرتا مگر ہمیں خصوصی ذرائع سے اس کا علم ہوا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کےلیے حکم شریعت یہ ہے کہ اسے مخفی طور پر سمجھائیں۔اس کی ہدایت کےلیے دعا بھی کریں اوراس کی غیبت نہ کریں' کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے :

((من ستر مسلماً ستره اللہ فی الدنیا والآخرة)) (صحیح مسلم' الذکر والدعاء' باب فضل الاجتماع علی تلاوتہ القرآن وعلی الذکر' ح: ٢٦٩٩)

''جو کوئی کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا تو اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص219

محدث فتویٰ